© rasailojaraid.com

## اخبار الجامعۃ والجماعۃ

### موضع جمرغال ضلع جہلم میں عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ

مورخہ 20 ستمبر بروز ہفتہ بعد نماز عشاء حافظ محمد طاہر بن صوفی محمد رمضان مرحوم کی رہائش گاہ پر عظیم الشان جلسہ سیرت النبی ﷺ زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوا۔ پروگرام کا آغاز قاری محمد سلیمان کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا اور نقیب الرحمٰن نے حمد و نعت پیش کی۔ جلسہ سے قاری فتح محمد، حافظ محمد اکرام، مولانا قطب شاہ اور قاری القرآن حضرت مولانا قاری عبدالرحیم کلیم آف ڈیرہ غازی خان نے خطاب کیا۔ اس جلسہ میں جہلم اور گردو نواح سے بڑی تعداد میں جماعتی احباب نے شرکت کی۔ جہلم سے صدیق احمد یوسفی، چوہدری سجاد اشرف، محمد عرفان اور سید اقتدار زیدی نے شرکت کی۔ آخر میں رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ عظیم الشان پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

### جامع مسجد فہد اہل حدیث مدینہ ٹاؤن میں تبلیغی و اصلاحی پروگرام

مورخہ 21 ستمبر بروز اتوار بعد نماز عشاء جامع مسجد فہد اہل حدیث مدینہ ٹاؤن میں عظیم الشان جلسہ منعقد ہوا، جس کی صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر نے کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ ذیشان مشتاق نے سرانجام دیئے۔ پروگرام کا آغاز قاری محمد صفدر کی تلاوت سے ہوا، جلسہ سے مولانا عطاء اللہ اور مولانا محمد نواز عاجز خطیب لاہور نے خطاب کیا۔ اس پروگرام میں جناب صدیق احمد یوسفی اور محمد ارشد سیٹھی نے بھی شرکت کی۔ رئیس الجامعہ کی دُعا سے یہ پروگرام تکمیل پذیر ہوا۔

### جامع مسجد الہ اہل حدیث پوران میں عظیم الشان سیرت امام اعظم ﷺ کانفرنس

مورخہ 31 اکتوبر بروز جمعۃ المبارک بعد نماز عشاء جامع مسجد الہ اہل حدیث پوران میں عظیم الشان سیرت امام اعظم ﷺ کانفرنس زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر منعقد ہوئی۔ پروگرام کا آغاز قاری عبدالوھاب عابد کی تلاوت قرآن مجید سے ہوا، حمد و نعت قاری محمد منشاء محمدی نے پیش کی۔ اسٹیج سیکرٹری کے فرائض حافظ محمد فہد اکرم نے سرانجام دیئے، کانفرنس سے مولانا قطب شاہ، مولانا طارق محمود یزدانی، مولانا ڈاکٹر طیب الرحمٰن زیدی اور مناظر اسلام مولانا حافظ محمد یوسف پسروری نے خطاب کیا۔ آخر میں رئیس الجامعہ



© rasailojaraid.com